


## برائے مہربانی جاپان میں سڑکوں کے اشاروں اور نشانات کی پابندی کریں (1)

| | | | |
|---|---|---|---|
|  | لوگوں کو اور گاڑیوں کو رُکنا ضروری ہے۔ دائیں یا بائیں دونوں جانب نہیں مُڑ سکتے ہیں۔ |  | اس نشان کی جگہ پر عارضی طور پر رُکنا ضروری ہوتا ہے۔ |
|  | سگنل کی بتی سُرخ ہے لیکن تیر کے نشان والی کی سمت آگے بڑھ سکتے ہیں۔ |  | |
|  | گاڑیوں کے گزرنے کی ممانعت ہے۔<br>※ گاڑیوں میں سائیکل بھی شامل ہے۔ |  | اس نشان کی جگہ پر رفتارکم کرنا ضروری ہوتا ہے۔<br>※ جس رفتار پر فوری طور پر رُکنا ممکن ہو سکے، وہ معیاری کم رفتار 10 کلومیٹر فی گھنٹہ تک ہے۔ |
|  | دو پہیوں والی سواری کے علاوہ کسی اور گاڑی کو گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔ |  | |
|  | بڑی مال بردار گاڑیوں وغیرہ کو گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔ |  | صرف اس رفتار تک ڈرائیو کر سکتے ہیں جس کی اعداد سے نشاندہی کی گئی ہے۔ |
|  | کیونکہ یہ سڑک گاڑیوں کے لیے مختص ہے، اس لیے پیدل چلنے والے اور سائیکل سوار، اور موپیڈ، وغیرہ کو گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔ |  | |
|  | کیونکہ یہ سڑک پیدل چلنے والوں اور سائیکلوں کے لیے مختص ہے، اس لیے دوسری گاڑیوں کو گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔ |   | جب زیبرا کراسنگ پر پیدل چلنے والے افراد سڑک کراس کر رہے ہوں تو، کچھ دیر رُک کر پیدل سڑک کراس کرنے والوں کو راستہ دینا چاہیے۔ |
|  | کیونکہ یہ سڑک پیدل چلنے والوں کے لیے مختص ہے، اس لیے گاڑیوں کو گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔ |  | |




## برائے مہربانی جاپان میں سڑکوں کے اشاروں اور نشانات کی پابندی کریں (2)

| | | | |
|---|---|---|---|
|  | یکطرفہ ٹریفک والی سڑک پر صرف تیر کے نشان کے سمت میں ہی آگے ڈرائیو کر سکتے ہیں۔ |  | گاڑیاں صرف تیر کی سمت میں ہی چلائی جاسکتی ہیں۔ |
|  | اس نشان والی سمت میں آگے نہیں جا سکتے ہیں۔ |  | چوراہوں پر اپنی ڈرائیونگ کی سمت کے مطابق اپنی مخصوص لین میں ہی گاڑی چلانی چاہیے۔ |
|  | یوٹرن کرنا منع ہے۔ |  | |
|  | |  | یہ لین مخصوص گاڑیوں کے گزرنے کے لیے مختص کی گئی ہے۔ |
|  | سامنے والی گاڑی کو اوور ٹیک کرتے وقت، پیلی لکیر کے دائیں جانب نہیں نکلنا چاہیے۔ |  | |
|  | |  | آگے ریلوے کراسنگ ہے۔ |
|  | یہاں پارکنگ اور عارضی سٹاپ کی اجازت نہیں ہے۔ |  | قریب میں کوئی اسکول وغیرہ ہے، اس لیے یہ سڑک بچے اکثر گزرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ |
|  | پارکنگ کرنا منع ہے۔ |  | آگے ایک چوراہا ہے۔ |

警察庁・都道府県警察
National Police Agency · Prefectural Police

## (1) بائیں طرف ڈرائیو کریں



★ جاپان میں سڑک کے بائیں جانب گاڑی چلائی جاتی ہے۔
اگر آپ اب تک کسی ایسے ملک میں گاڑی چلاتے رہے ہیں جہاں سڑک کے دائیں جانب گاڑی چلائی جاتی ہے، توچونکہ چوراہے پر مڑتے وقت آپ دائیں جانب ڈرائیو کر سکتے ہیں اس لیے محتاط رہیں۔

★ سڑک کے دائیں جانب گاڑی چلانا خطرناک ہوتا ہے، یہ ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی اور حادثات کا باعث ہو سکتا ہے۔

## (2) اگر کوئی ٹریفک کا حادثہ پیش آ جائے، تو لازمی پولیس کو مطلع کریں

★ اگر کوئی ٹریفک حادثہ پیش آ جائے، تو چاہے کوئی زخمی نہ بھی ہو، تو بھی لازمی پولیس (110) کو مطلع کریں۔ اور اگر کوئی شخص زخمی ہوا ہو تو، زخمی شخص کو ابتدائی طبی امداد فراہم کریں، اور ایمبولینس (119) کو کال کرنے کے بعد، پولیس (110) کو مطلع کریں۔

★ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم نہ کرنے، یا پولیس کو حادثے کے بارے میں مطلع نہ کرنے کی صورت میں، آپ پر بھاری جرمانے یا سزا کے علاوہ سخت انتظامی پابندیاں عائد کی جائیں گی، جیسے کہ آپ کے ڈرائیونگ لائسنس کی منسوخی، وغیرہ۔



## (3) شراب نوشی کی حالت میں گاڑی چلانا منع ہے




شراب کے نشے میں گاڑی نہ چلائیں !

★ شراب نوشی کے بعد گاڑی چلانے کی ممانعت ہے۔ آپ پر بھاری جرمانے یا سزا کے علاوہ سخت انتظامی پابندیاں عائد کی جائیں گی، جیسے کہ آپ کے ڈرائیونگ لائسنس کی تنسیخ، وغیرہ۔

★ آپ کو کسی ایسے شخص کو گاڑی نہیں چلانے دینا چاہیے جس کا شراب کے نشے میں گاڑی چلانے کا امکان ہو۔ مزید برآں، آپ کو کسی نشے کی کیفیت میں گاڑی چلانے والے شخص کے ساتھ گاڑی میں سوار ہونے کے علاوہ ایسے شخص سے جو شراب کے نشے کی حالت میں ہو ڈرائیونگ کا مطالبہ یا درخواست نہیں کرنا چاہیے۔ ان قواعد کی خلاف ورزی کی صورت میں بھی آپ بھاری جرمانے کے سزاوار قرار پائیں گے۔

## (4) ریلوے کراسنگ پر تھوڑی دیر رُکنا



★ ریلوے پھاٹک یا کراسنگ پر، انتباہی گھنٹی نہ بھی بج رہی ہو تو بھی تھوڑی دیر رُک کر، آیا کوئی ٹرین تو نہیں آرہی ہے یہ تصدیق کرلینے کے بعد کراس کرنا چاہیے۔

## (5) پیدل چلنے والوں کو ترجیح حاصل ہوتی ہے



★ جاپان میں، پیدل چلنے والوں کو سب سے زیادہ ترجیح حاصل ہوتی ہے۔ اگر زیبرا کراسنگ یا چوراہے پر آپ کو سڑک عبور کرتے ہوئی کوئی پیدل شخص نظر آئے، تو تھوڑی دیر رُک کر اسے گزرنے کا موقع دینا چاہیے۔

## (6) بالخصوص چوراہوں پر محتاط رہیں

★ چوراہوں پر، "(1) پیدل چلنے والوں کو ترجیح"،"(2) دائیں مڑتے وقت سیدھا ڈرائیو کریں اور بائیں مڑتے وقت گاڑی کو ترجیح دیں"

★ زیبرا کراسنگ سڑک عبور کرتے ہوئے پیدل افراد یا سڑک عبور کرنے کی کوشش کرنے والے افراد موجود ہوں تو، آپ کو لازمی "تھوڑی دیر رُکنا" چاہیے۔




## (7) موبائل فون کا استعمال منع ہے



★ گاڑی چلانے کے دوران، ماسوائے کسی ہنگامی صورت حال کے، موبائل فون پر بات کرنے، یا سکرین دیکھنا، وغیرہ، کے استعمال کی ممانعت ہے۔

## (8) سڑک کے نشانات کے معنی کو درست طور پر سمجھنا

جاپان میں آپ کے آبائی ملک سے مختلف ٹریفک قوانین یا سڑک پر نشانات ہوتے ہیں۔

★ اس نشان والی جگہ پر لازمی تھوڑی دیر رُک کر دائیں بائیں سیفٹی چیک کریں




**ڈرائیونگ لائسنس کی کارآمدگی کی تاریخ معین ہوتی ہے۔ اس کی تجدید کروانا نہ بھولیں۔**





## (9) جو گاڑی آپ خود چلا سکتے ہیں اس کی درجہ بندی ملاحظہ فرمائیں

★ آپ کے آبائی ملک میں لائسنس اور وہ گاڑیاں جو آپ چلا سکتے ہیں ان کی زمرے مختلف ہوتے ہیں۔
★ آپ کونسی گاڑی چلا سکتے ہیں یہ چیک کر کے ہی ڈرائیونگ کرنا چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| نارمل | مسافروں کی کل تعداد : 10 افراد تک<br>گاڑی کا مجموعی وزن: 3،500 کلوگرام سے کم<br>انتہائی لوڈنگ صلاحیت: 2،000 کلوگرام سے کم | |
| نیم درمیانے سائزکی گاڑی | مسافروں کی کل تعداد : 10 افراد تک<br>گاڑی کا مجموعی وزن: 7،500 کلوگرام سے کم<br>انتہائی لوڈنگ صلاحیت: 4،500 کلوگرام سے کم | ※ لوڈنگ صلاحیت یا مسافروں کی تعداد کے بارے میں، گاڑی ڈرائیو کرنے سے پہلے گاڑی کا معائنے کا سرٹیفیکیٹ چیک کرکے تصدیق کر لیں کہ آیا اتنی لوڈنگ کی جا سکتی ہے یا نہیں۔ |
| درمیانے سائزکی گاڑی | مسافروں کی کل تعداد : 29 افراد تک<br>گاڑی کا مجموعی وزن: 11،000 کلوگرام سے کم<br>انتہائی لوڈنگ صلاحیت: 6،500 کلوگرام سے کم | |
| بڑا ٹرک | مسافروں کی کل تعداد : 30 افراد سے زائد<br>گاڑی کا مجموعی وزن: 11،000 کلوگرام سے زائد<br>انتہائی لوڈنگ صلاحیت: 6،500 کلوگرام سے زائد | |
| بڑی موٹر سائیکل | مسافروں کی کل تعداد : 2 افراد تک<br>انتقال انجن : 400 cc یا پاور آؤٹ پٹ 20 کلو واٹ سے زیادہ | ※ بنیادی اصول کے تحت ڈرائیونگ لائسنس ملنے کے بعد 1 سال (ہائے وے پر 3 سال) تک ڈبل سواری نہیں کر سکتے ہیں۔ |
| عام موٹر سائیکل | مسافروں کی کل تعداد : 2 افراد تک<br>انتقال انجن : 400 cc یا پاور آؤٹ پٹ 20 کلو واٹ تک | |
| کھنچنے والا ٹرک یا ٹرالر | ٹرالر گاڑی کا مجموعی وزن 750 کلوگرام سے تجاوز کرتا ہو | |










### ★ بس اور ٹیکسی کی ڈرائیونگ

- بس یا ٹیکسی چلانے (یعنی پیسوں کے عوض لوگوں کو منتقل کرنا) کے لیے، الگ سے "کلاس 2 ڈرائیونگ لائسنس" درکار ہوتا ہے۔
- آپ کونسی گاڑی چلاتے ہیں اس کی قسم کے مطابق آپ کو "کلاس 2 ڈرائیونگ لائسنس" درکار ہوتا ہے۔
- علاوہ ازیں، اگر آپ کاروباری مقصد سے لوگوں کی نقل و حمل کی خدمات فراہم کرتے ہیں، تو آپ کو کلاس 2 کے ڈرائیونگ لائسنس کے علاوہ ٹرانسپورٹ بیورو، وغیرہ سے پرمٹ بھی درکار ہوتا ہے۔




## (10) آئیے ممکنہ مال برداری کے سامان کا سائز، اور لوڈنگ کے طریقہ کار کی تصدیق کریں




**★پرمٹ درکار★**

**آگے پیچھے**
جب سامان مال برداری گاڑی کے اگلے یا پچھلے حصے سے گاڑی کی لمبائی کے دسویں حصے سے زائد باہر نکلا ہوا ہو

**دائیں بائیں**
جب گاڑی کی باڈی کے دائیں بائیں جانب سے گاڑی کی چوڑائی کے دسویں حصے سے زائد چوڑائی میں مال باہر نکلا ہوا ہو

**لمبائی**
جب لوڈ مال کی لمبائی گاڑی کی لمبائی سے 2/10 حصے سے زائد تجاوز کر رہا ہو

**چوڑائی**
جب لوڈ مال کی چوڑائی گاڑی کی چوڑائی سے 2/10 حصے سے زائد تجاوز کر رہا ہو

**اونچائی**
اگرزمین سے لوڈ مال کی اونچائی تک کی اونچائی 3.8 میٹر (ہلکی موٹر گاڑیاں نیز تین پہیوں والی گاڑیوں کے لیے 2.5 میٹر) سے زیادہ ہو

★ ٹرک میں مال برداری کا سامان لوڈ کرتے وقت، اس کے سائز اور لوڈنگ کے طریقہ کار کی حدود موجود ہوتی ہیں۔

★ چونکہ مال برداری کے سامان کو تقسیم نہیں کیا جاسکتا اس لیے، لوڈنگ کا وزن، اور سائز یا لوڈنگ کے طریقہ کار کا حد سے زیادہ ہونے کی صورت میں، انتہائی حد سے تجاوز کرتے ہوئے لوڈ گاڑی چلانے والے شخص کو، مقام روانگی کے دائرہ اختیار کے پولیس اسٹیشن کے چیف سے پرمٹ لینا ضروری ہوتا ہے۔



**ٹریفک کی خلاف ورزی اور ٹریفک حادثے پر تعزیرات عائد کی جائیں گی۔**